سوال

(552) والدین کو کافر قرار دینے کے بعد رشتہ داروں کو ملنے سے روکنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک اہل حدیث شخص اپنے والد کو کافر قرار دیتا ہے کیا وہ شخص اپنے بہنوئی کو اپنے والد سے ملاقات کرنے سے منع کر سکتا ہے والد سے ملاقات پر اپنے بہنوئی سے جھگڑا کر سکتا ہے اور اپنے بہنوئی کی والد سے ملاقات کی صورت میں اپنی بہن کو اس سے خلع دلوا سکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس آدمی کے معاملہ کی بھی چھان بین ہونی چاہیے کیا فی الواقع یہ شخص اپنے دعوی میں صادق ہے بفرض صحت دعوی بہنوئی کو والد کی ملاقات سے روکنا اگر شرعی مفادات کے پیش نظر ہے پھر تو درست ہے بصورت دیگر اس کو والد کی ملاقات سے منع نہیں کرنا چاہیے خلع میں بنیادی شرط یہ ہے کہ نفرت کا اظہار عورت کی طرف سے ہو جب کہ موجودہ حالات میں یہ شئی مفقود نظر آتی ہے لہذا فیصلہ قریب سے حالات کا جائزہ لے کر کرنا ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص830

محدث فتویٰ